| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | مَنۡ | اَظۡلَمُ [1] | مِمَّنۡ |
| اور | کون | سب سے زیادہ ظالم | اس شخص سے جو |
| [1] اَظۡلَمُ: یہ اَفۡعَلُ کا وزن ہے جسے اسم تفصیل کہتے ہیں۔ جیسے اَکۡبَرُ، سب سے بڑا، اَصۡغَرُ سب سے چھوٹا وغیرہ | | | |
| مَّنَعَ | مَسٰجِدَ اللّٰهِ | اَنۡ یُّذۡکَرَ | فِیۡهَا |
| اس نے روکا/منع کیا | اللہ کی مسجدوں سے | کہ ذکر کیا جائے | ان میں |
| وَ مَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنۡ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اَنۡ یُّذۡکَرَ فِیۡهَا اسۡمُهٗ | | | |
| اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے منع کیا کہ اللہ کی مسجدوں میں اس کا نام بلند کیا جائے | | | |
| اسۡمُهٗ | وَ سَعٰی | فِیۡ خَرَابِهَا | اُولٰٓئِكَ |
| اس کا نام | اور اس نے کوشش کی | ان کی ویرانی کی | یہی لوگ ہیں |
| مَا | کَانَ | لَهُمۡ | اَنۡ یَّدۡخُلُوۡهَاۤ |
| نہیں | تھا | ان کے لیے | کہ وہ ان میں داخل ہوتے |
| اِلَّا | خَآئِفِیۡنَ | لَهُمۡ | فِی الدُّنۡیَا |
| مگر | ڈرتے ہوئے | ان کے لیے | دنیا میں |
| خِزۡیٌ | وَّ لَهُمۡ | فِی الۡاٰخِرَةِ | عَذَابٌ |
| ذلت/رسوائی | اور ان کے لیے | آخرت میں | عذاب |
| عَظِیۡمٌ | | | |
| بہت بڑا | | | |

وَ مَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنۡ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنۡ یُّذۡکَرَ فِیۡهَا اسۡمُهٗ وَ سَعٰی فِیۡ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا کَانَ لَهُمۡ اَنۡ یَّدۡخُلُوۡهَاۤ اِلَّا خَآئِفِیۡنَ ۬ؕ لَهُمۡ فِی الدُّنۡیَا خِزۡیٌ وَّ لَهُمۡ فِی الۡاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿۱۱۵﴾

اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے منع کیا کہ اللہ کی مسجدوں میں اس کا نام بلند کیا جائے اور انہیں ویران کرنے کی کوشش کی۔(حالانکہ)ان کے لئے اس کے سوا کچھ جائز نہ تھا کہ وہ ان (مسجدوں) میں ڈرتے ہوئے داخل ہوتے۔ان کے لئے دنیا میں ذلت اور آخرت میں بہت بڑا عذاب (مقدر) ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | لِلّٰهِ | الْمَشْرِقُ | وَالْمَغْرِبُ |
| اور | اللہ کے لئے ہے | مشرق | اور مغرب |
| فَاَيْنَمَا | تُوَلُّوْا | فَثَمَّ | وَجْهُ اللّٰهِ |
| پس جس طرف بھی | تم منہ پھیروگے | تو وہیں/اسی جگہ (اسم ظرف) | اللہ کا جلوہ/چہرہ(پاؤگے) |
| اِنَّ اللّٰهَ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | |
| یقیناًاللہ | بہت وسعتیں عطا کرنے والا | دائمی علم رکھنے والا | |

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿١١٦﴾

اور اللہ ہی کا ہے مشرق بھی اور مغرب بھی۔پس جس طرف بھی تم منہ پھیرو وہیں خدا کا جلوہ پاؤگے۔یقیناًاللہ بہت وسعتیں عطا کرنے والا (اور) دائمی علم رکھنے والا ہے۔